**AQF / Hamid**

**14-05-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی نے ٹی بی کے خاتمے کے تئیں بھارت کے عزم کو دہراتے ہوئے، اِس سے متعلق کامیاب حکمت عملی کو مزید بہتر بنانے کیلئے کہا ہے۔

2 مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے، تین نینو میٹر کاچپ تیار کرنے والی ملک کی پہلی فیکٹری کا آغاز کیا، جس کی وجہ سے بھارت اِس سلسلے میں جدید ترین ملکوں میں شامل ہوگیا ہے۔

3 جسٹس بھوشن رام کرشن گوئی آج، بھارت کے 52ویں چیف جسٹس کے عہدے کا حلف لیں گے۔

4 امریکہ اور سعودی عرب نے 142 ارب ڈالر کے دفاعی سودے پر دستخط کئے ہیں۔

5 فرانس کے شہر French Riviera میں Cannes 78واں فلم فیسٹول شروع ہوگیا ہے۔

6 اورکھیلو انڈیا یوتھ گیمز میں مہاراشٹر 120 تمغوں کے ساتھ سرفہرست ہے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM TB Meeting**

وزیراعظم نریندر مودی نے ٹی بی کے خاتمے کے تئیں بھارت کے عزم کی حکمت عملی کو مزید بہتر بنانے کیلئے کہا۔ انہوں نے 2024 میں ٹی بی کے مریضوں کی جلد تشخیص اور علاج میں خاطر خواہ پیش رفت کی ستائش کی۔

وزیراعظم نے کل اپنی رہائش گاہ پر، ٹی بی کے خاتمے سے متعلق قومی پروگرام NTEP کے بارے میں اعلیٰ سطح کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے 100 روزہ ،ٹی بی مکت بھارت ابھیان کا بھی جائزہ لیا جو حال ہی میں پورا ہوا ہے اور جس میں ملک کے اضلاع پر توجہ مرکوز کی گئی۔ اِس مہم کے دوران 12 کروڑ 97 لاکھ افراد کی جانچ کی گئی اور 7 لاکھ 19 ہزار ٹی بی مریضوں کا پتہ لگایا گیا، جن میں 2 لاکھ 85ہزار مریض ایسے بھی تھے جن میں ٹی بی کی بظاہر کوئی علامت نہیں تھی۔

اِس مہم میں ایک لاکھ سے زیادہ نئے Ni-Kshay متروں نے شرکت کی۔ یہ مہم جَن بھاگیداری کا ایک نمونہ بن گئی ہے۔

وزیراعظم نے میٹنگ کے دوران ٹی بی کے مریضوں کا تجزیہ، شہری اور دیہی علاقوں اور اُن کے پیشوں کی بنیاد پر کئے جانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے اُن گروپوں، خاص طور پر تعمیر ، کانکنی، کپڑے کے ملوں میں کام کرنے والے کارکنوں کی شناخت کرنے میں مدد ملے گی جن کی جانچ اور علاج جلد کئے جانے کی ضرورت ہے۔

وزیراعظم نے WHO کی، ٹی بی سے متعلق 2024 کی عالمی رپورٹ کی حوصلہ افزا دریافت کا ذکر کیا، جس میں ٹی بی کے واقعات میں 18فیصد کی آئی ہے۔

سال 2015 میں یہ تعداد ایک لاکھ آبادی پر 237 تھی جبکہ 2023 تک یہ تعداد کم ہوکر 195 رہ گئی۔

رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ٹی بی سے مرنے والوں کی تعداد 21 فیصد کم ہوئی اور 95فیصد لوگوں کا علاج کیا گیا، جس سے لوگوں تک اِس پروگرام کی رسائی اور موثرہونے کا اندازہ ہوتا ہے۔

صحت کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا، وزیراعظم کے پرنسپل سکریٹری اور دیگر سینئر افسران میٹنگ میں موجود تھے۔X

**Vaishnaw Semiconductor**

الیکٹرانکس اور اطلاعات وٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے نوئیڈا اور بنگلورو میں جدید ترین انداز کی نئی فیکٹریز کا افتتاح کیا۔ اِن نئی فیکٹریز کی انفرادیت کا ذکر کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ یہ بھارت کا پہلا ڈیزائن مرکز ہے جو جدید ترین انداز کے تین نینو میٹر چِپ تیار کرے گا، جو ایک ایسی بڑی کامیابی ہے جس کی بنیاد پر بھارت، سیمی کنڈکٹر، اختراع کی عالمی لیگ میں مضبوطی سے شامل ہوگیا ہے۔

بھارت کے سیمی کنڈکٹر سے متعلق ایکو نظام میں آتی ہوئی رفتار کو اُجاگر کرتے ہوئے جناب ویشنو نے اعلان کیا کہ اترپردیش میں سیمی کنڈکٹر کے ایک بڑے ڈیزائن مرکز کا افتتاح، پورے بھارت کے ایکو نظام کو تیار کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے، جس سے پورے ملک میں موجود صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

وزیر موصوف نے خاص طور پر کہا کہ اِس مرکز کی خاص بات تین نینو میٹر والے چِپ ڈیزائن کرنے کی صلاحیت ہے جو دنیا میں جدید ترین مرکزوں میں سے ایک ہے جہاں یہ چِپس شروع سے آخر تک بھارت میں ہی تیار کئے جاتے ہیں اور یہ ملک کا اپنی نوعیت کا پہلا مرکز ہے۔

**0815-Final Ashwini**

جناب ویشنو نے سیمی کنڈکٹر کی تکنیک سیکھنے سے متعلق ایک نئی کِٹ جاری کرنے کا بھی اعلان کیا، جس کا مقصد انجینئرنگ طلبا میں، ہارڈویئر سے متعلق ہُنر کو بڑھاوا دینا ہے۔

**Shah Puducherry Laws**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کل پڈوچیری میں تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کا جائزہ لیا۔ اِس دوران پولیس، جیلوں، عدالتوں، استغاثہ اور فورنسک خدمات سے تعلق رکھنے والی اہم گنجائشوں کی موجودہ صورتحال اور اُن کی پیش رفت پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب شاہ نے تین نئے فوجداری قوانین کے نفاذ کے معاملے میں مرکز کے زیرانتظام علاقے پڈوچیری کی تعریف کی اور اِن قوانین کے جلد از جلد نفاذ کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ جناب شاہ نے صرف تمل زبان میں FIR درج کرنے کی ہدایت دی اور ضرورت پڑنے پر FIR کی دیگر زبانوں میں دستیابی کو یقینی بنانے کو کہا۔

**Gavai CJI**

جسٹس بھوشن رام کرشن گوئی آج بھارت کے، 52ویں چیف جسٹس کے عہدے کا حلف لیں گے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج صبح راشٹریہ پتی بھون میں ایک خصوصی تقریب میں جسٹس گوئی کو اُن کے عہدے کا حلف دلائیں گی۔

جسٹس بی آر گوئی، بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی جگہ لیں گے، جو کل اپنے عہدے سے سبکدوش ہوئے ہیں۔

***V/C-Saklen***

*جسٹس بی آر گوئی، امراوتی میں 24 نومبر 1960 کو پیدا ہوئے تھے اور انھوں نے 1985 میں بار میں شمولیت اختیار کی۔ انھوں نے سابق ایڈوکیٹ جنرل اور ہائی کورٹ کے جج اور آنجہانی بیرسٹر راجہ ایس بھونسلے کے ساتھ 1987 تک کام کیا۔جسٹس گوئی نے 1987 سے 1990 کے درمیان باممبے ہائی کورٹ میں آزادانہ طور پر ایک وکیل کی حیثیت سے خدمات انجام دیں اور اُنہیں نومبر 2003 میں باممبے ہائی کورٹ کے ایڈیشنل جج کے عہدے پر فائز کردیا گیا۔ نیز اُنہیں نومبر 2005 میں باممبے ہائی کورٹ کے مستقل جج کے طور پر مقرر کیا گیا۔مئی 2019 میں جسٹس گوئی کو سپریم کورٹ کا جج مقرر کردیا گیا۔ پچھلے 6 سال میں وہ تقریباً 700 بینچز میں شامل رہے، جنھوں نے آئینی اور انتظامی قوانین، سِول قوانین، فوجداری قوانین اور تجارتی تنازعات سمیت بہت سے معاملات کی سنوائی کی۔ وہ بھارت کے سابق چیف جسٹس کے۔جی بالا کرشنن کے بعد بھارت کے ایسے دوسرے چیف جسٹس ہوں گے جن کا تعلق درجِ فہرست ذاتوں کی برادری سے ہے۔جسٹس گوئی کے عہدے کی مدت اِس سال نومبر میں ختم ہوگی۔*

*ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**PM Adampur**

وزیراعظم نریندرمودی نے پاکستان کو یہ کہتے ہوئے ایک سخت پیغام دیاہے کہ پاکستان میں اب کوئی جگہ نہیں بچی ہے جہاں دہشت گرد، چین کی سانس لے سکیں۔ انھوں نے کہا کہ بھارت میں یہ صلاحیت موجود ہے کہ وہ دہشت گردوں کا، اُن کی پناہ گاہوں سے خاتمہ کردے۔ جناب مودی نے یہ بات پنجاب میں فضائیہ کے آدم پور ٹھکانے پر، اُس کے عملے اور سپاہیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔

**PM -Modi Terrorist Breath In Peace**

وزیراعظم نے آپریشن سندور کی کامیابی کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے پاکستان میں دہشت گردوں کے 9 کیمپوں کو تباہ، اور 100 سے زیادہ دہشت گردوں کا خاتمہ کیا۔

**PM Modi Destruction-27 Secs**

وزیراعظم نے، آپریشن سندور کے دوران ملک کی حفاظت میں مسلح فوجوں کی ہمت ، حوصلے اور پیشہ وارانہ مہارت کی تعریف کی۔

**Defence Stocks**

بھارت کے دفاع سے متعلق اسٹاکس میں، کل کے کاروبار کے دوران 9 فیصد کا اضافہ ہوا۔ یہ اضافہ 'میڈ اِن انڈیا' دفاعی سازوسامان کو، وزیراعظم مودی کی طرف بڑھاوا دیئے جانے کے بعد ہوا ہے۔

پیر کو آپریشن سندور کے بعد قوم سے اپنے پہلے خطاب میں وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ ملک میں ہی بنائے گئے فوجی سازوسامان کا وقت آگیا ہے۔ انھوں نے ملک ہی میں تیار کئے گئے ہتھیاروں کی کارکردگی کو اُجاگر کیا جو اب ثابت ہوچکی ہے۔

بھارت ڈائنمکس کے شیئر کی قیمت، دفاعی اسٹاکس میں ابھی تک کی سب سے زیادہ اونچی سطح پر پہنچ گئی ہے، جس میں نیشنل اسٹاکس ایکسچینج میں 9 اعشاریہ چار فیصد کا اضافہ ہوکر یہ ایک ہزار 718 روپے پر پہنچ گئی ہے۔

ہندوستان ایرونوٹکس کے شیئر کی قیمت میں چار اعشاریہ چھ فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ انٹراڈے کے تحت ابھی تک کی سب سے زیادہ قیمت چار ہزار 645 روپے ہوگیا۔

**Ayuveda Day**

حکوت نے ہر سال 23 ستمبر کو سرکاری طور پر آیورید کا دن منائے جانے کا اعلان کیا ہے۔

آیوش کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ اِس تبدیلی کا اعلان گزٹ نوٹیفکیشن کے ذریعے کردیا گیا ہے جس کے تحت آیوروید کا دن دھن تیرس پر منائے جانے میں تبدیلی کی گئی ہے۔

**Punjab Liquor Death**

پنجاب میں نقلی شراب کے معاملے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 21 ہوگئی ہے اور دیگر کئی افراد اسپتال میں شریک ہیں۔ یہ واقع امرتسر کے Majitha حلقے میں پیش آیا جہاں چار گاؤوں کے باشندوں نے ایتھانول سے بنی نقلی شراب پی لی تھی۔ مرنے والوں کے افراد خاندان سے ملاقات کے بعد وزیر اعلیٰ بھگونت سنگھ مان نے کہا کہ قصورواروں کو بخشا نہیں جائے گا۔

**Adi Kailash Yatra**

اتراکھنڈ کے نینی تال ضلع کے Kathgodam سے آج آدی کیلاش اور اوم پروت یاترا شروع ہو رہی ہے۔ کماؤں منڈل وکاس نگم نے یاتریوں کی سہولت اور حفاظت کیلئے وسیع تر انتظامات کیے ہیں۔

تفصیل ہمارے دہرہ دون کے نامہ نگار سے:

***V/C Sakshi***

*آدی کیلاش اور اوم پروت یاترا کیلئے 19 یاتریوں کا پہلا جتھہ آج Kathgodam کیلئے روانہ ہوگا۔ اِس جتھے میں اتراکھنڈ کے سات اور مہاراشٹر اور تمل ناڈو کے 6-6 یاتری شامل ہیں۔ یہ جتھہ بارہ مرد اور سات خواتین پر مشتمل ہے۔ یاتری Kathgodam سے روانہ ہوکر نینی تال، الموڑہ اور پتھوڑہ گڑھ کے مختلف مندروں کا درشن کرتے ہوئے Gunji کی جانب سفر کریں گے۔ وہاں سے یاتری Jolingkong میں آدی کیلاش اور Nabhidhang میں اوم پروت پر پہنچیں گے۔ اب تک 102 یاتری، اِس یاترا کیلئے رجسٹریشن کرواچکے ہیں۔*

*دہرہ دون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.............*

**Cannes Film Festival**

عظیم الشان کانس فلم فیسٹول کا 78 واں ایڈیشن کل سے فرانس کے شہر French Riviera میں ریڈ کارپیٹ اور ایک زبردست افتتاحی تقریب کے ساتھ شروع ہوا، جس کے بعد 12 دن تک چلنے والے اِس عالمی سینما پر مبنی فیسٹول کا آغاز ہو گیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

***VC - Neelam Kaushik***

*اِس فیسٹول کی افتتاحی تقریب میں مشہور اور ویٹرن امریکی اداکار روبرٹ ڈی نیرو کو اعزازی Palm d'or سے نوازا گیا۔تقریب کا آغاز Amelie Bonnin کے Leave*

**One Day** نغمے سے ہوا، جس کے بعد فرانس کے پوپ گلوکار **Mylene Farmer**
نے اپنی موسیقی سے فلم ساز **David Lynch** کو خراج پیش کیا۔
کانس فلم فیسٹول کی صدر **Juliette Binoche** نے اپنے خطاب میں عالمی مسائل
جیسے جنگ، موسمیاتی تبدیلی پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فن انسانی درد کو بیان کرنے کا اہم
ذریعہ ہے۔
اِس فیسٹول میں بھارت ایک بار پھر عالمی سنیما کے اسٹیج پر چمکنے کے لیے تیار ہے۔
فیسٹول کی جیوری ممبر پایل کپاڈیا نے بھارت کی نمائندگی کرنے کے بعد اظہار تشکر پیش کیا۔
اِس مرتبہ فیسٹول کے کلاسکی زمرے میں بھارت کے مشہور فلم ساز ستیہ جیت رے کی فلم
**Arnayer Din Ratri** دکھائی جائے گی۔
**Neeraj Ghaywan** کی دوسری فلم **Homebound** کو کانس کے
**Uncertain Regard** زمرے کے لیے چنا گیا ہے۔ جبکہ بھارتی اداکار انوپم کھیر کی
ہدایت کردہ فلم **Tanvi:The Great** کو کانس کے فلم کے بازار زمرے میں دکھایا جائے
گا۔ ستیہ جیت رے فلم اینڈ ٹیلی ویژن انسٹیٹیوٹ **SRFTI** میں بنی فلم **A Doll Made Up of Clay** کو بھی اِس سال کانس میں پیش کیا جائے گا۔
آکاشوانی دِلّی سے نیلم کوشِک اور آشیش ابراہم کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامہ کے لیے میں

.................

**US Syria Sanctions**

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور سعودی ولی عہد شہزادے محمد بن سلمان نے کل جدہ میں وسیع تر اسٹریٹیجک اقتصادی ساجھیداری کے معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔
اِن میں مصنوعی ذہانت، توانائی اور حفظان صحت کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ 142 ارب ڈالر مالیت کے ہتھیاروں کا سمجھوتہ بھی شامل ہے۔ صدر ٹرمپ نے کل سعودی عرب کے دورے کے ساتھ اپنے چار روزہ مشرق وسطیٰ دورے کی شروعات کی ہے۔ ٹرمپ نے اپنی پہلی مدت کار کے دوران اسرائیل اور دیگر عرب ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کو معمول پر لانے کیلئے شروع کیے گئے ابراہم سمجھوتے کو وسعت دینے کے اپنے عزم کو بھی دوہرایا۔
امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ملک شام پر لگی پابندیاں ہٹانے کا بھی اعلان کیا ہے۔ یہ پابندیاں معزول صدر بشارالاسد کے دور اقتدار کے دوران عائد کی گئی تھیں۔ صدر ٹرمپ نے اِس قدم کو جنگ سے تباہ ملک کیلئے امن کا ایک نیا موقع قرار دیا۔

**Khelo India Bihar**

کھیلو انڈیا یوتھ گیمس کے دسویں دن مہاراشٹر نے تمغوں کی تعداد میں سو کا ہندسہ عبور کرلیا ہے۔ 120 تمغوں کے ساتھ مہاراشٹر سرفہرست ہے۔ اِن میں سونے کے 46 اور چاندی کے 38 تمغے شامل ہیں۔ 42 تمغوں کے ساتھ راجستھان دوسرے نمبر پر ہے، جس میں سونے کے 19 اور چاندی کے 9 تمغے جیتے ہیں۔سبھی شعبوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہریانہ تیسری پوزیشن پر پہنچ گیا ہے جبکہ کرناٹک چوتھے نمبر پر ہے۔ ہریانہ نے مجموعی طور پر 57 تمغے جیتے ہیں جس میں سونے کے 17 اور چاندی کے 13 شامل ہیں۔کھیلو انڈیا یوتھ گیمس بہار 2025، کُل اختتامی تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C Sanyukta Yadav**

کھیلو انڈیا یوتھ گیمس کے دوران پاٹلی پُتر اسپورٹ کمپلیکس میں ٹریک اینڈ فیلڈ مقابلوں میں کئی ریکارڈ ٹوٹے۔ دوڑ لگانے والے اترپردیش کے کھلاڑی قادر خان نے اپنے پہلے کھیلو انڈیا مقابلوں میں 400 میٹر دوڑ کے دوران 47 اعشاریہ تین چار سیکنڈ کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیا ریکارڈ قائم کیا۔ وہیں مہاراشٹر کے اودتیہ پسال اِن کھیلوں میں سب سے تیز دوڑنے والے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ انہوں نے 10 اعشاریہ چھ دو سیکنڈ کی ریکارڈ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

راج گیر میں ہوئے ہاکی فائنل میں اوڈیشہ نے دلچسپ شوٹ آؤٹ مرحلے میں جھارکھنڈ کو شکست دی اور تین-ایک سے مقابلہ جیت کرلڑکیوں کا سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔

پٹنہ سے سکمیتا یادو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.....

**BADMINTON THAILAND OPEN**

بیڈمنٹن میں آج بینکاک میں تھائی لینڈ اوپن میں اعلیٰ درجے کے بھارتی کھلاڑی لکشیہ سین، پریانشو رجاوت، اُنّتی ہوڈا، مالویکا بنسوڑ اور خواتین کی ڈبلز کی جوڑی، گایتری گوپی چند-ٹریسا جولی اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔

مردوں کے سنگلز زمرے کے شروعاتی میچ میں عالمی نمبر 18 لکشیہ سین کا سامنا عالمی نمبر 34 آئرلینڈ کے Nhat Nguyen سے ہوگا۔ وہیں پریانشو رجاوت آج انڈونیشیا کے علوی فرحان کے خلاف کھیلیں گے۔

خواتین کے سنگلز مقابلوں میں عالمی نمبر 30 مالویکا بنسوڑ، ترکیہ کی Neslihan Arin کا سامنا کریں گی جبکہ اُنّتی ہوڈا کا مقابلہ تھائی لینڈ کی Thamonwan Nithiittikrai سے ہوگا۔

خواتین کے ڈبلز مقابلوں میں گایتری گوپی چند اور ٹریسا جولی پر مشتمل بھارتی جوڑی کا مقابلہ ملیشیا کی Carmen

Ting اور Ong Xin Yee کی جوڑی سے ہوگا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ضمیرالدین رضوی

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم نریندرمودی کے اُس بیان کو صفحہ اول کی شہ سرخی بنایا ہے، جس میں انھوں نے کہا ہے کہ دشمن کو تباہی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ وزیراعظم نے کل پنجاب کے آدم پور ایئربیس کا دورہ کیا اور جوانوں سے بات چیت کی۔

روزنامہ ملاپ نے CBSE کے دسویں اور بارہویں جماعت کے نتیجوں کے اعلان کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق نتائج کے معاملے میں اِس مرتبہ بھی لڑکیوں نے لڑکوں کو پیچھے چھوڑا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے جسٹس گوئی کی جانب سے آج سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کا عہدہ سنبھالنے کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق جسٹس گوئی، جسٹس سنجیوکھنہ کی جگہ لیں گے جو گزشتہ کل چیف جسٹس کے عہدے سے سبکدوش ہوگئے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے سابق صدر جمہوریہ فخرالدین علی احمد کو اُن کے 120 ویں یوم پیدائش پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی جانب سے خراج عقیدت پیش کئے جانے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے 4 روزہ مشرقِ وسطٰی دورے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں صدر ٹرمپ نے سعودی عرب کے ساتھ دفاع اور مصنوعی ذہانت کے شعبوں میں 600 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کے معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی نے ٹی بی کے خاتمے کے تئیں بھارت کے عزم کو دہراتے ہوئے، اِس سے متعلق کامیاب حکمت عملی کو مزید بہتر بنانے کیلئے کہا ہے۔

2 مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے، تین نینو میٹر کا چپ تیار کرنے والی ملک کی پہلی فیکٹری کا آغاز کیا، جس کی وجہ سے بھارت اِس سلسلے میں جدید ترین ملکوں میں شامل ہوگیا ہے۔

3 جسٹس بھوشن رام کرشن گوئی آج، بھارت کے 52ویں چیف جسٹس کے عہدے کا حلف لیں گے۔

4 امریکہ اور سعودی عرب نے **142** ارب ڈالر کے دفاعی سودے پر دستخط کئے ہیں۔

5 فرانس کے شہر **French Riviera** میں **78**واں **Cannes** فلم فیسٹول شروع ہوگیا ہے۔

6 اورکھیلو انڈیا یوتھ گیمز میں مہاراشٹر **120** تمغوں کے ساتھ سرفہرست ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---